# وقت کی پیمائش

## گھڑی دیکھنا



آپا : کل تم نے پوچھا تھا کہ گھڑی میں وقت کیسے معلوم کریں گے۔ آج میں بڑی سی گھڑی لے آئی ہوں، اس سے سیکھیں گے۔ گھڑی میں موجود چھوٹی اور بڑی سوئیوں کو غور سے دیکھو۔ دونوں سوئیاں ۱۲ پر ہوتی ہیں تب ۱۲ بجے ہوتے ہیں۔



سلمٰی : چھوٹی سوئی ۴ پر اور بڑی سوئی ۱۲ پر ہوتی ہے تب ۴ بجے ہوتے ہیں۔

راشد : اسی طرح سے دِکھایا جاسکتا ہے کہ ۵ بجے ہیں یا ۹ بجے ہیں۔



رؤحی : چھوٹی سوئی آہستہ آہستہ اور بڑی سوئی اس کی بہ نسبت تیزی سے گھومتی ہے۔ ہے نا؟

آپا : ہاں ! چھوٹی سوئی گھنٹے دِکھاتی ہے جب کہ بڑی سوئی منٹ دِکھاتی ہے۔ اس لیے چھوٹی سوئی کو گھنٹہ سوئی اور بڑی سوئی کو منٹ سوئی کہتے ہیں۔ اب بڑی سوئی ۱ پر پہنچی، ۱۲ بج کر ۵ منٹ ہوئے۔



راشد : بڑی سوئی ۲ پر جائے گی تو ۱۲ بج کر ۱۰ منٹ ہوں گے، پھر بڑی سوئی ۳ پر جائے گی تو ۱۲ بج کر ۱۵ منٹ ہوں گے۔ ہے نا؟ گھنٹہ سوئی بھی کسی قدر آگے گئی ہوئی نظر آئے گی۔



آپا : صحیح ہے۔ ہر دو متواتر عددوں کے خانے میں ۵ منٹ کا فرق ہوتا ہے۔



رؤحی : یعنی منٹ گنتے وقت ۵ کا پہاڑا مفید ہوگا۔ اسی طرح گھنٹہ سوئی ۱۲ اور ۱ کے درمیان اور منٹ سوئی ۹ پر ہوگی تب ۱۲ بج کر ۴۵ منٹ ہوں گے کیوں کہ نو پنجے پینتالیس۔



آپا : شاباش ! جب منٹ سوئی ۱۲ سے آگے جاتے جاتے دوبارہ ۱۲ پر واپس آتی ہے تب اس کی ایک گردش مکمل ہوتی ہے۔ اس کے لیے ۱ سے ۶۰ منٹ یعنی ۱ گھنٹہ لگتا ہے۔ اسی عرصے میں گھنٹہ سوئی ۱۲ پر سے ۱ پر جاتی ہے۔ اس وقت ۱ بجا ہوتا ہے۔




اکرم : سمجھ میں آ گیا۔ گھنٹہ سوئی ۴ اور ۵ کے درمیان اور منٹ سوئی ۸ پر ہوتی ہے تب پانچ اٹھے چالیس یعنی ۴ بج کر ۴۰ منٹ ہوتے ہیں۔

**گھنٹہ، منٹ وقت ناپنے کی اکائیاں ہیں۔**

✦ ذیل کی گھڑیوں میں نظر آنے والا وقت گھنٹے، منٹ میں لکھو۔



✦ نیچے دیا ہوا وقت دیکھو۔ گھڑی میں دِکھاؤ کہ اس وقت سوئیوں کے مقام کہاں ہوں گے؟

۵ بج کر ۱۰ منٹ

۹ بج کر ۵ منٹ

٦ بج کر ۲۰ منٹ

۱۱ بج کر ۳۵ منٹ


✦ جدول میں لکھو کہ ذیل کے ہر کام کو پُورا کرنے میں اندازاً کتنے منٹ، کتنے گھنٹے یا کتنے دن لگتے ہیں؟

| کُوکر میں چاول پکنے میں | گائے کا دُودھ دوہنے میں | امّاں کا کھانا پکانے میں | پانی کا حوض بھرنے میں | سویٹر بُننے میں | گلاب کی کلی کے کِھلنے میں |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

✦ دن بھر میں کیے جانے والے اہم کام، ان کاموں کے کرنے کا وقت اور اس وقت سوئیوں کی حالت ذیل کی جدول میں لکھو۔

| نمبر شمار | کام | گھڑی میں وقت | گھڑی میں سوئیوں کی حالت |
|---|---|---|---|
| ۱ | صبح اُٹھنا | ٦ بج کر ۱۵ منٹ | چھوٹی سوئی ٦ سے آگے، بڑی سوئی ۳ پر |
| | | | |
| | | | |

✦ درج ذیل گھڑیوں کی معلومات حاصل کرو۔

- موبائل میں گھڑی
- چابی والی گھڑی
- پنڈولم والی گھڑی
- خودکار گھڑی
- مقابلے کے وقت جج کے استعمال کی گھڑی (اسٹاپ واچ)
- ریت کی گھڑی
- سایہ والی گھڑی

✍ اساتذہ کے لیے: موٹے پٹھے (دفتی) اور سوئیوں کی مدد سے گھڑی بنانے کے لیے کہا جائے۔ اس گھڑی پر وقت کے پڑھنے کی مشق کروائی جائے۔